تعلقات عامہ دفتر

جامعہ ملیہ اسلامیہ، نئی دہلی

April 23 2024

پریس ریلیز

## جامعہ ملیہ اسلامیہ میں یوم ارض منایا گیا: طلبہ اور فیکلٹی اراکین نے روزمرہ کی زندگی میں کم سے کم پلاسٹک کے استعمال کا عہد لیا

جامعہ ملیہ اسلامیہ کے مختلف شعبہ جات اور اسکولوں میں بائیس اپریل دو ہزار چوبیس کو یوم ارض منایا گیا۔جشن کے حصے کے طور پر شعبہ معاشیات جامعہ ملیہ اسلامیہ کے سبجیکٹ ایسوسی ایشن کے فیکلٹی اراکین نے یوم ارض کے موضوع پر گئی ٹاک کا اہتمام کیا۔اس موقع پر شعبے کے ماڈل کلاس روم میں اشتہار سازی کا مقابلہ منعقد کیا گیا۔پروگرام میں بی ۔اے( آنرز) معاشیات، ایم اے معاشیات، ایم ایس سی اور فینا شیئل انا لیٹکس اور جامعہ کے بی اے پروگرام کے طلبہ وطالبات نے جوش وخروش کے ساتھ حصہ لیا۔

صدر شعبہ معاشیات جامعہ ملیہ اسلامیہ کے پروفیسر اشرف علیان کے خطبے سے یوم ارض کا آغاز ہوا۔انھوں نے سامعین کے بتایا کہ کرہ ارض کے اردگرد ماحولیاتی مسائل سے متعلق بیداری کو عام کرنے کے لیے یوم ارض ہر سال بائیس اپریل کو منایا جاتا ہے۔دنیا بھر میں یوم ارض منائے جانے کی وجہ اور اس کی ترقی کے اسباب پر بھی انھوں نے روشنی ڈالی۔

ہر سال یوم ارض ماحولیاتی مسائل سے متعلق الگ الگ مرکزی خیال کے ساتھ منایا جاتا ہے۔سال رواں کا مرکزی خیال تھا’کرہ ارض بنام پلاسٹک‘ جو ہماری زمین سے پلاسٹک کو دور کرنے کی ضرورت پر اجاگر کرتا ہے کیوں کہ ماحولیات پر اس کے مضر اثرات مرتب ہوتے ہیں۔اس سال کے اختتام پر امید ہے کہ اقوام متحدہ پلاسٹک کی ممانعت اور پابندی کا معاہدہ ایوان میں پیش کرے جس سے دو ہزار چالیس تک ساٹھ فی صد تک پلاسٹک پروڈکشن میں کمی کی امید ہے۔طلبہ اور فیکلٹی اراکین نے روزمرہ کی زندگی میں پلاسٹک کے استعمال کو کم کرنے کے اپنے عہد کو دہرایا۔

شعبہ معاشیات، جامعہ ملیہ اسلامیہ کے فیکلٹی اراکین ڈاکٹر وسیم اکرم، ڈاکٹر محمد زکریا صدیقی، ڈاکٹر محمد کاشف اور ڈاکٹر شاداب خان نے اس موقع پر اظہار خیال کیا اور سماجی پائے داری اور ماحول دوست نظام کو موزوں اہمیت دیے بغیر کیے جانے والے اہم معاشی اہداف کے مضر اثرات کو واضح کیا۔شرکا کے اشتہار سازی کے مقابلے کے ساتھ پروگرام اختتام پذیر ہوا۔اشتہار سازی کے مقابلے کے فاتحین اس طرح ہیں: پہلا انعام محترمہ حصہ ایم نقوین اور مریم خان (بی اے آنرز چوتھا سمسٹر) دوسرا انعام

علیزہ فاطمہ اور سیدہ ادیبہ (بی اے آنرز چوتھا سمسٹر) تیسرا انعام محمد دلشاد (بی اے آنرز چوتھا سمسٹر) اور تشجیعی انعام مینا ھیل عارف ،ایم ایس سی بی ایف اے سیکنڈ سمسٹر) اور عابد رضا کاظمک (بی اے آنرز چھٹا سمسٹر) کو دیا گیا۔

جامعہ اسکول میں بھی یوم ارض منایا گیا۔مشیر فاطمہ نرسری اسکول کے نونہالوں نے پروگرام میں حصہ لیا جہاں ان کے بنائے ہوئے اشتہارات نمائش کے لیے رکھے گئے تھے۔ یہ پوسٹر اس دن کی اہمیت کو اجاگر کررہے تھے۔ جامعہ مڈل اسکول اور جامعہ سینئر سیکنڈری اسکول میں بھی ماحولیات کے تحفظ ،جنگلات کے تحفظ اور یوم ارض کی اہمیت کو عام کرنے کی غرض سے متعدد پروگرام منعقد کیے گئے۔

تعلقات عامہ

جامعہ ملیہ اسلامیہ نئی دہلی